SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XIII مجریہ ۲۰۰۰

SINDH ORDINANCE NO.XIII OF 2000

سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۰

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ELECTIONS (AMENDMENT) ORDINANCE, 2000

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۲۰۰۰ کے سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Ordinance No.X of 2000
۳۔ ۲۰۰۰ کے سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ ٦ کی ترمیم
Amendment of section 6 of Sindh Ordinance No.X of 2000
۴۔ ۲۰۰۰ کے سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ ۷ کی ترمیم
Amendment of section 7 of Sindh Ordinance No.X of 2000
۵۔ ۲۰۰۰ کے سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ ۹کی ترمیم
Amendment of section 9 of Sindh Ordinance No.X of 2000
۶۔ ۲۰۰۰ کے سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ ۱۳ کی ترمیم
Amendment of section 13 of Sindh Ordinance No.X of 2000

سندھ آرڈیننس نمبر XIII مجریہ ۲۰۰۰

SINDH ORDINANCE NO.XIII OF 2000

سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۰

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ELECTIONS (AMENDMENT) ORDINANCE, 2000

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

[۱۴ نومبر ۲۰۰۰]

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات آرڈیننس، ۲۰۰۰ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات آرڈیننس، ۲۰۰۰ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ کے ہنگامی حالات والے اعلان اور ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ پر جاری کردہ ۱۹۹۹ کے پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر نمبر۔ ۱ کے آرٹیکل (۲)۳ کے تحت صوبہ کے گورنر کو چیف ایگزیکٹو کی ہدایات پر عمل کرنا ہے؛

اور جیسا کہ ۱۹۹۹ کے پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔ ۹ کے آرٹیکل ۴ کے تحت، صوبہ کا گورنر چیف ایگزیکٹو آف پاکستان کی ہدایات پر آرڈیننس جاری اور نافذ کر سکتا ہے؛

اور جیسا کہ بلدیاتی حکومت انتخابات آرڈر، ۲۰۰۰ (۲۰۰۰ کا نمبر ۸) کے تحت، چیف ایگزیکٹو آف پاکستان نے چیف الیکشن کمشنر کو صوبہ میں بلدیاتی

مختصر عنوان اور

شروعات
Short title and commencement

حکومت کے انتخابات کرانے کا اختیار دیا ہے؛
اور جیسا کہ گورنر مطمئن ہے کے موجودہ صورتحال میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛
اب اس لیئے، مندرجہ بالا اختیارات اور اس کو دیئے گئے دیگر سارے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے سندھ کے گورنر نے چیف ایگزیکٹو آف پاکستان کی ہدایات پر مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایہ ہے:

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۰ کہا جائے گا۔
(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۲۰۰۰ کے سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Ordinance No.X of 2000

۲۔ سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات آرڈیننس، ۲۰۰۰ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (b) کی ذیلی شق (i) میں، لفظ "دیہوں" کے بعد کاماؤں اور الفاظ "یا، علاقوں کی صورت میں جہاں سندھ لینڈ روینیو ایکٹ، ۱۹٦۷ کے تحت زمینوں کا سیٹلمنٹ نہیں ہوا ہے، ایک یا ایک سے زائد آبادی کی آدمشماری کے گاؤں" شامل کیئے جائیں گے۔

۲۰۰۰ کے سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ ٦ کی ترمیم
Amendment of section 6 of Sindh Ordinance No.X of 2000

۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ٦ کی ذیلی دفعہ (۲) کی شق (b) میں لفظ "ورکرس" کے بعد الفاظ "بشرطیکہ کم از کم ایک سیٹ کے تحت" شامل کیئے جائیں گے۔

۲۰۰۰ کے سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ ۷ کی ترمیم
Amendment of section 7 of Sindh Ordinance No.X of 2000

۴۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۷ کی ذیلی دفعہ (۲) کی شق (b) میں لفظ "ورکرس" کے بعد الفاظ "بشرطیکہ کم از کم ایک سیٹ کے تحت" شامل کیئے جائیں گے۔

۲۰۰۰ کے سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ ۹کی ترمیم

۵۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۹ کے لیئے مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

"۹۔ خاص اقلیتی سیٹیں، ایک بلدیاتی علاقے میں جہاں اقلیتی آبادی علاقے کی کل آبادل کے دس فیصد سے زائد ہے، گذشتہ دفعات میں مذکورہ سیٹیں اس طرح دی جائیں گی، جیسے حکومت طے کرے۔"۔

Amendment of section 9 of Sindh Ordinance No.X of 2000

۲۰۰۰ کے سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ ۱۳ کی ترمیم

Amendment of section 13 of Sindh Ordinance No.X of 2000

٦۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۳ میں:

(i) ذیلی دفعہ (۲) کے لیئے مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا، یعنی:

"(۲)یونین کاؤنسل کے میمبروں کے انتخابات کے لیئے یونین ایک مجموعی میمبروں کا وارڈ ہوگا، علاوہ یونین ناظم اور نائب ناظم کے۔"؛ اور

(ii) ذیلی دفعہ (۳) کو ختم کیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا